**فوری ریلیز کے لیے: 21/12/2022** **گورنر KATHY HOCHUL**

**گورنر HOCHUL کا بالغان کے زیرِ استعمال بھنگ کی ریٹیل فروخت کے آغاز کا اعلان**

***ہاؤسنگ ورکس، نیو یارک کے سابقہ طور پر مقید باشندوں کی معاون ایک غیر منافع بخش تنظیم، تاکہ 29 دسمبر کو مینہیٹن میں بھنگ کی پہلی فروخت کی سرگرمی انجام دی جا سکے***

***بیج کی بوائی کے مواقع کے اقدام کی جانب سے شروع کی گئی بھنگ کی سپلائی چین کی تکمیل***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ قانونی، منضبط کردہ بالغان کے زیرِ استعمال بھنگ کی فروخت کا کام مینہیٹن میں قائم ایک ڈسپنسری میں 29 دسمبر کو شروع ہو گا، جس کی عمل کاری ہاؤسنگ ورکس کی جانب سے کی جائے گی، جو کہ اقلیتوں کے زیرِ دسترس ملک کی سب سے بڑی HIV/AIDS سروس کی تنظیم اور کمیونٹی میں قائم کردہ سب سے بڑی HIV/AIDS سروس کی تنظیم ہے۔ نیو یارک شہر میں قائم کردہ، یہ غیر منافع بخش تنظیم HIV/AIDS کے شکار افراد، بےگھر، سابقہ طور پر مقید، اور عملِ انصاف سے وابستہ افراد کے لیے وسیع پیمانے پر براہ راست اور معاونتی سروسز انجام دیتی ہے۔ یہ خیراتی ریٹیل سٹور فرنٹس کا ایک نیٹ ورک بھی چلاتی ہے۔

"محض نو ماہ قبل ہم نے مساوات کو فوقیت دے کر نیو یارک کے بالغان کے زیرِ استعمال بھنگ کی مارکیٹ کے ایک سلسلے کا مستحکم بنیادوں پر آغاز کیا، اور اب، ہم اس مقصد کے حصول کی تکمیل کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اپنے سکولوں کو رقوم مختص کر کے اور کمیونٹیز کے احیائے نو کے ذریعے نیو یارک کے کونے کونے میں اشتمالی مواقع کی تخلیق کر کے اس مقام سے اس صنعت کی ترقی جاری رہے گی۔"

یہ تاریخی موقع [بیج کی بوائی کے مواقع کے اقدام] میں ایک اہم سنگِ میل کی بنیاد ہو گا، جسے بالغان کے زیرِ استعمال بھنگ کی صنعت کے قیام کے ذریعے نیو یارک کو نیو یارک کے بھنگ سے متعلق قانون کے اہداف کی تکمیل کی جانب رواں دواں رکھنے کی خاطر تشکیل دیا گیا، اور یہ صنعت بھنگ کے امتناع کے باعث غیرمتناسب اثر کے نتیجے میں پیدا ہونے والے نقصانات کی تلافی کرتی ہے۔

مارچ میں گورنر Hochul کی جانب سے اعلان کردہ، اس اقدام کے ذریعے 280 خاندانی کاشتکاروں کو ریاست نیو یارک میں پہلی مرتبہ بالغان کے زیرِ استعمال بھنگ کی کاشت کرنے کے لیے لائسنس فراہم کیے گئے ہیں۔ بھنگ کی یہ ٹیسٹ شدہ، محفوظ مصنوعات نیو یارک میں پہلی لائسنس یافتہ بالغان کے زیر استعمال ڈسپنسریز کی جانب سے فروخت کی جائیں گی، جو یا تو کامیاب کاروباری عمل کاران، یا پھر اس قریبی فردِ خانہ کی ملکیت میں ہوتی ہیں، جو بھنگ سے متعلقہ جرم میں ملوث ہوتے ہیں (یعنی عملِ انصاف سے وابستہ ہوتے ہیں)؛ یا پھر ان افراد کو سروسز فراہم کرنے والی غیر منافع بخش تنظیمیں ہوتی ہیں جو بھنگ کے امتناع کے غیرمساوی نفاذ کے باعث نقصان کا شکار ہوئے ہوں۔

اہل ہونے کے لیے، ہاؤسنگ ورکس جیسی غیر منافع بخش تنظیموں کو بھی عملِ انصاف سے وابستہ کم از کم ایک بورڈ کے ممبر اور چرس کے جرم کے باعث عوامی رہائش سے محروم افراد کے لیے پیشہ ورانہ مواقع کی تخلیق کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہاؤسنگ ورکس نے براہ راست خدمات اور حمایتی اقدامات کے ذریعے 1990 میں اپنے آغاز سے لے کر اب تک عملِ انصاف سے وابستہ نیو یارک کے باشندگان کو خدمات فراہم کی ہیں۔ آج، ہاؤسنگ ورکس کے

انصاف سے متعلق اقدام کی جانب سے غیر منافع بخش تنظیم کی خدمات میں تبدیلی لائی گئی ہے تاکہ سابقہ طور پر مقید، بشمول چرس سے متعلق جرائم میں ملوث افراد کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔

**کینابس کنٹرول بورڈ کی خاتون صدر Tremaine Wright نے کہا،** "مجھے خوشی ہے کہ ہاؤسنگ ورکس جیسی غیر منافع بخش تنظیم سابقہ طور پر مقید افراد کے لیے اپنی معاونت جاری رکھتے ہوئے فروخت کی راہ ہموار کرے گی۔ بیج بوائی کے مواقع کے اقدام کے ذریعے فروخت کا آغاز ایک ایسے مستحکم ماحولیاتی نظام کا آغاز ہے جس کی ہم تعمیر کر رہے ہیں - مکمل معاونتوں کے ذریعے مساویانہ اور اشتمالی مارکیٹ کو اس مقام سے ترقی ملے گی تاکہ لائسنس یافتگان کے لیے اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ وہ رکاوٹوں کو سر کرنے اور اس نئی صنعت کی تعمیر کرنے کے قابل ہوں۔"

**کینابِس کنٹرول بورڈ کی ممبر Jen Metzger کا کہنا تھا کہ،** "نیو یارک اپنی بھنگ کی قانونی صنعت کے قیام کے لیے درست راستہ اختیار کیے ہوئے ہے، جس میں ریاست کی پہلی ریٹیل ڈسپنسریز شامل ہیں، جنہیں ایسے منتظمین اور غیر منافع بخش تنظیمیں چلاتی ہیں جو اپنی کمیونٹی کی خدمت کا کام انجام دینے اور صحت عامہ کو مقدم رکھنے کے لیے وقف ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ، ہم صارفین کے مفاد کی خاطر اپنی شہری اور دیہی کمیونٹیز کے مابین روابط کو مستحکم بنا رہے ہیں، اور اپنی نوعیت کی ان پہلی ڈسپینسریز کو نیو یارک کے چھوٹے اور فیملی فارمز میں کاشت کردہ درست طور پر اگائی گئی، اعلیٰ معیار کی، مناسب دھوپ کی موجودگی میں اگائی گئی بھنگ کے ذخائر سے بھر رہے ہیں۔"

**کینابِس کنٹرول بورڈ کی ممبر Jessica Garcia نے کہا،** "فروخت کے عمل میں پہل کاران کی حیثیت سے عملِ انصاف سے وابستہ افراد، اور ان کی معاون غیر منافع بخش تنظیموں کا مقام بنانا نیو یارک کو درست نہج پر لانے کے مترادف ہے تاکہ نیو یارک کے بھنگ سے متعلق قانون کے اہداف کی تکمیل کی جا سکے، اور اس کے علاوہ یونین کینابِس کیریئر کے لیے وسائل کی تخلیق کے ذریعے اس صنعت سے وابستہ کارکنان کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ بھنگ کی صنعت کے لیے یہ ایک بڑا، مستقبل کی جانب پہلا قدم ہے جو کہ ہم نیو یارک کے اندر لے رہے ہیں - یہ نہایت اہم اقدام ہے اور یہ محض ابتداء ہے۔"

**کینابِس کنٹرول بورڈ کے ممبر Adam Perry نے کہا،** "ایک نئی تاریخ رقم کی جا رہی ہے کیونکہ ہم بھنگ کے امتناع کے باعث ہونے والے نقصان کی تلافی کے لیے مصروفِ عمل ہیں اور نیو یارک کے بھنگ سے متعلق قانون کے اہداف کا مکمل طور پر نفاذ کرتے ہیں۔ یہ صنعت کے لیے ایک درست آغاز ہے، اور میں لائسنس کی تمام اقسام میں معاونت کے لیے اپنی ٹیم کے ساتھ کام کو جاری رکھنے کا خیرمقدم کرتا ہوں تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہم نہ صرف سماجی انصاف کے منتظمین کو لائسنس فراہم کرتے ہیں بلکہ ان کی طویل مدتی کامیابی کے لیے بھی انہیں تیار کرتے ہیں۔"

**کینابِس مینجمنٹ کے دفتر کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Chris Alexander نے کہا،** "مجھے اپنی قائم کردہ سپلائی چین پر فخر ہے جس کی ہم نے بیج کی بوائی کے مواقع کے اقدام کے ذریعے خاندانی کاشتکاروں اور عملِ انصاف سے وابستہ افراد سمیت ان کی معاون غیر منافع بخش تنظیموں پر انحصار کرتے ہوئے بنیادوں سے تعمیر کی، اور میں اس کی حصولیابی کے لیے گورنر Hochul اور مجلسِ قانون ساز کی جانب سے معاونت پر ان کا شکرگزار ہوں۔ ہم نے نیو یارک میں نہ صرف اس امتناع کو ختم کیا ہے، بلکہ ہم ملک، اور دنیا کو یہ دکھا رہے ہیں کہ حقیقت میں کس طرح ایک مساویانہ اور اشتمالی، اور بھنگ کے امتناع کے غیرمتناسب نفاذ کے باعث نقصانات کے خاتمے میں مصروفِ عمل مارکیٹ کا قیام عمل میں لایا جاتا ہے۔ اس ترقی پذیر صنعت پر خرچ ہونے والا ہر ڈالر خودمختار کاروباری اداروں، ہمارے سکولوں، اور ہماری کمیونٹیز کو معاونت دینے میں کارآمد ثابت ہو گا۔"

**ریاستی سینیٹر Liz Krueger کا کہنا تھا کہ،** "میں بالغان کے لیے بھنگ کی ریٹیل فروخت کے عمل کے آغاز کو دیکھ کر بہت مطمئن ہوں، اور پہلا سٹور ہاؤسنگ ورکس کی جانب سے لانچ کیا جائے گا۔ محروم کمیونٹیز کے لیے دہائیوں پر محیط ان کا کام انہیں اس کاوش میں ایک کامل شراکت دار بناتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک کی بھنگ کی مارکیٹ ماضی میں بھنگ سے متعلقہ جرائم کی ناکام پالیسیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے افراد کے لیے پُرمقصد مواقع فراہم کرے۔"

**اسمبلی کی اکثریتی رہنما Crystal Peoples-Stokes نے کہا،** "آج کا تاریخی اعلان نیو یارک میں بھنگ سے متعلقہ معیشت کے قیام کے حوالے ایک یادگار پیش رفت ہے جو کہ منصفانہ نظام اور مساوات پر مرتکز ہے، جیسا کہ میری جوانا ریگولیشن اینڈ ٹیکسیشن ایکٹ اور بیج کی بوائی کے مواقع کے اقدام میں تصور پیش کیا گیا ہے۔ میں ہاؤسنگ ورکس اور عملِ انصاف سے وابستہ دیگر افراد سمیت غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے بہت پُرجوش ہوں، جو جلد ہی عوام کو فروخت کرنے کے لیے بھنگ کی محفوظ اور قابلِ اعتماد مصنوعات کے اپنے مراکز کا آغاز کریں گے۔ نیو یارک کی پہلی ملکی پیدا کردہ بھنگ کی سپلائی چین کی یہ ابتدائی تکمیل محض ایک نئی ترقی پذیر اور منصفانہ صنعت کے یقینی طور پر پایۂ تکمیل تک پہنچنے کے عمل کا آغاز ہے۔"

**ہاؤسنگ ورکس کے CEO Charles King نے کہا،** "بنیادی طور پر، ہم سہولیات فراہم کرنے والی ایک کمیونٹی ہیں، جو نیو یارک کے باشندوں کی رہائش، نگہداشتِ صحت اور پیشہ ورانہ پروگراموں کے لیے وقف کردہ ہے۔ یہ موقع نہ صرف ہمارے مجموعی مقصد کو آگے بڑھانے کی خاطر، بلکہ BIPOC، +LGBTQ اور ریاست بھر سے خواتین کی سرکردگی میں بھنگ کے برانڈز کی تیار کردہ مصنوعات کی خصوصیات واضح کرنے اور ان کی تشہیر کرنے کے لیے ہماری ٹیم کو وسائل فراہم کرے گا۔"

**ہاؤسنگ ورکس کینابِس کمپنی کی سٹور مینیجر Sasha Nutgent نے کہا،** "ایسا موقع زندگی میں ایک بار ملتا ہے۔ کہنے سے مراد یہ ہے، کہ ہمارے غیر منافع بخش ادارے کا مقصد ہمیشہ کی طرح اہمیت کا حامل ہے۔ ہم امریکا کی بھنگ کی صنعت، خصوصاً اپنے بھرتی کے طریقہ کاروں اور نشہ آور اشیاء کے خلاف غیرمنصفانہ جنگ سے بری طرح متاثر ہونے والے افراد اور کمیونٹیز کی جاری و ساری معاونت کے سلسلے میں سماجی انصاف کے ایک نمونے کے طور پر قیادت کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں۔"

ہاؤسنگ ورکس کی جانب سے چلایا جانے والا سٹور فرنٹ نواحی ایسٹور مقام کے 750 براڈوے میں واقع ہے۔ ڈسپنسری سے کی جانے والی تمام تر فروخت 1990 میں قائم کردہ ہاؤسنگ ورکس انکارپوریشن کی نگران تنظیم کو بھیجی جائے گی تاکہ HIV/AIDS اور بےگھری کے دوہرے بحران سے نمٹا جا سکے۔ ازخود قائم غیر منافع بخش تنظیم ملازمتی مواقع، قانونی حمایت اور رہائش اور صحت کی جامع خدمات کے لیے اپنے کفایتی سٹور، SoHo بُک سٹور اور اب اپنی بھنگ کی ڈسپینسری کی محصولات کے ذریعے جزوی فنڈنگ فراہم کرتی ہے۔ خدا ترسی قائم کرتے اور بداخلاقیوں کا خاتمہ کرتے ہوئے، ہاؤسنگ ورکس مساوات پر مبنی اور نقصان میں تخفیف کے تصور کے پیشِ نظر اپنی کمیونٹی کی عملی ضروریات میں معاونت کے ذریعے بھنگ کی صنعت کو فروغ دینے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔

4,400 مربع فٹ پر محیط، مثالی عمارت جہاں ایسٹور مقام 1 کہلانے والی ڈسپنسری قائم کی جائے گی، 1883 میں مکمل کی گئی تھی۔ ہاؤسنگ ورکس کینابِس کمپنی افتتاح ہونے پر تعارفی خریداری کے تجربے کے لیے سرپرستوں کا خیرمقدم کرے گی، اور بھنگ کی مزید مصنوعات دستیاب ہونے پر ایک توسیع شدہ اور غوروخوض سے انتظام کردہ جگہ کی احتیاط کے ساتھ قیام کے منصوبے ترتیب دیے جائیں گے۔

مینہیٹن کے نواحی ایسٹور مقام کے 750 براڈوے پر واقع ہاؤسنگ ورکس کینابِس کمپنی، ہفتے کے ساتھ روز، دن 11 بجے تا شام 7 بجے تک کھلی رہے گی اور آئندہ ہفتوں میں اس کے اوقات میں ردوبدل کیا جائے گا۔ مزید یہاں جانیں۔

اب تک، ریاست نیو یارک کے کینابِس کنٹرول بورڈ نے بالغان کے زیرِ استعمال ریٹیل ڈسپنسری کے 36 مشروط لائسنسوں کی منظوری دی ہے، جن میں 28 اہل کاروباری اداروں اور 8 غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے شامل ہیں۔ رواں ماہ کے آغاز میں، کینابِس مینجمنٹ کے دفتر کی جانب سے رہنما ہدایات جاری کی گئیں تاکہ تیزتر فروخت کی خاطر ریٹیل کاروباری اداروں کو اپنی ترسیلی سروس کی کارروائیوں کے آغاز میں معاونت فراہم کی جا سکے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418